الجامعة البنورية العالمية
پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ سائٹ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

⊙ Email: darulifta@gmail.com ⊙ Web: http://fatawa.binoria.org ⊙ Ph: +92-21-2560300\2560400 ⊙ Fax: +92-21-2564586

Name :> Fida Hassan
Address :> Lahore
Sebject :> AQAID

Serial No :> 4013
Fatwa No :> 37829
Date :> 15/3/2008
Email :>

Question :>
A.A mera swal ye ha k kia wo log jo sahaba ke khilaf bughz rakhe yani shia log musalman hain? aur H Abubaker R.A ki shan H Ali R.A se kis tara ziada ha? aur jange jamal kay baray main agah karen. shia kay baray main ahmad raza khan sahab ka fatwa bhi send kar den.
Jazak Allah

السلام علیکم (1) میرا سوال یہ ہے کہ کیا وہ لوگ جو صحابہ کے خلاف بغض رکھیں یعنی شیعہ لوگ مسلمان ہیں (2) اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی شان حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کس طرح زیادہ ہے؟
(3) اور جنگ جمل کے بارے میں آگاہ کریں؟ (4) شیعہ کے بارے میں احمد رضا خانصاحب کا فتویٰ بھی نقل کر دیں۔ جزاک اللہ خیراً ۔ فدا حسین / لاھور

الجواب حامداً و مصلیاً

(۱-۲) صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین انبیاء کرام کے بعد سب سے بہترین اور پاکیزہ لوگ جن میں سے بہت سوں کو جنت کی بشارت دنیا میں ہی مل گئی تھی اور اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام سے اپنی رضامندی کا اعلان قرآن کریم میں ہی فرمایا اور ان کے ایمان کو قیامت تک آنیوالے لوگوں کیلئے معیار قرار دیا ہے اسلئے جو شخص ان سے بغض رکھے وہ بدترین اخلاق اور کھلا ہوا فاسق فاجر ہے۔ جبکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مقام و مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے افضل ہونا احادیث کثیرہ اور خود حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زبانی منقول ہے جیسا کہ درج ذیل روایت سے معلوم ہو رہا ہے اس لئے اسمیں کسی قسم کا شک کرنا اپنے آپ کو دھوکہ میں رکھنے کے مترادف ہے۔

وفی المشکوٰۃ: عن محمد بن الحنفیۃ قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابوبکر قلت ثم من قال عمر وخشیت ان یقول عثمان قلت ثم انت قال ما انا الا رجل من المسلمین ۔ ص۵۵۵ ۔

(جاری ہے)

(۳) اس سلسلہ میں "مشاجرات صحابہ" مؤلفہ حضرت مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ کا مطالعہ مفید رہیگا۔

(۴) موصوف کی کوئی کتاب ہمیں دستیاب نہیں ہو سکی اسلئے متعلقہ مکتبۂ فکر کے دارالافتاء سے رجوع کر لیا جائے تو بہتر ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

محمد آصف کان اللہ لہ

دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۷ / ربیع الاول / ۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح

[illegible]

دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۸ / ربیع الاول ۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح

عبد الشکور [illegible]

دارالافتاء جامعہ بنوریہ

۱۸ / ربیع الاول ۱۴۲۹ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیة

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیة

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کراچی

[illegible]

1/4/08